# سکاٹش کورٹ سروس کے بارے میں

Scottish
Court Service

## تعارف

سکاٹش کورٹ سروس(ایس سی ایس) ایک خود مختار قانونی ادارہ ہے جو سکاٹ لینڈ میں روز مرہ طور پر عدالتوں اور 'آفس آف پبلک گارڈین' کا نظام چلانے کا ذمہ دار ہے۔
اس ادارے کا نظام ایک کارپوریٹ بورڈ چلاتا ہے جس کا سربراہ(چیئر مین) لارڈ پریذیڈنٹ، سکاٹ لینڈ میں سب سے سینئر جج، ہوتا ہے۔ سکاٹش محکمہ انصاف کا سربراہ ہونے کی حیثیت سے، لارڈ پریذیڈنٹ، عدالتوں میں کاروبار کو قانونی تقاضوں کے تحت چلانے اور جج صاحبان، شیرف صاحبان اور محکمہ انصاف کے دفاتر میں کام کرنے والے دیگر حضرات کی رہنمائی اور ٹریننگ اور فلاح کا بھی ذمہ دار ہوتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ www.scotcourts.gov.uk/courtsadmin/SCS.asp ملاحظہ کریں۔

سکاٹش کورٹ سروس کام کرنے کے لیے افراد، عدالتوں کو چلانے میں مدد دینے کے لیے عمارتیں اور ٹیکنالوجی، محکمہ انصاف کے ممبران اور آفس آف پبلک گارڈین فراہم کرتے ہوئے انصاف تک رسائی میں آسانی پیدا کرتی ہے۔
سکاٹش کورٹ سروس کی طرف سے چلائی جانے والی سکاٹش عدالتیں یہ ہیں:

* سپریم کورٹ آف سکاٹ لینڈ، جو کورٹ آف سیشن اور ہائی کورٹ آف جسڈشری سے بنتی ہے،
* شیرف کورٹس، اور
* جسٹس آف پیس کورٹس

## سکاٹ لینڈ میں سپریم کورٹس

### کورٹ آف سیشن

کورٹ آف سیشن ایڈنبرہ میں پارلیمنٹ ہاؤس میں اپنے فرائض سر انجام دیتی ہے اور سکاٹ لینڈ میں بڑے سول(دیوانی) کیسوں کے بارے میں فیصلے کرتی ہے جس میں لوگوں کے درمیان / یا آرگنائزیشنوں کے درمیان پائے جانے والے جھگڑے شامل ہوتے ہیں ۔ کیسوں کی سماعت پہلے **"آؤٹر ہاؤس"** میں کی جاتی ہے، جوکہ عام طور پر ایک ہی جج کے سامنے ہوتی ہے۔ **"انر ہاؤس"** میں عام طور پر "آؤٹر ہاؤس"، شیرف کورٹس اور ٹریبونلز میں کئے جانے والے فیصلوں کے خلاف اپیلیں نپٹائی جاتی ہیں اور اس میں کم از کم تین جج بیٹھتے ہیں۔ اس اپیل کے بعد اگرمزید اپیل کی جاتی ہے تو وہ "یوکے سپریم کورٹ" کے پاس یا 'سٹراسبرہ' میں موجود "یورپین کورٹ آف ہیومن رائٹس" کے پاس جاتی ہے۔
'ایس سی ایس(سکاٹش کورٹ سروس)' کئی ڈیپارٹمنٹس( شعبوں) کے ذریعے 'کورٹ آف سیشن' کو سپورٹ فراہم کرتی ہے، جس میں شامل ہے؛

**پٹیشن ڈیپارٹمنٹ**۔ بچوں کومتبنیٰ بنانے، دیوالیہ پن، کمپنی کے کاروبار کے خاتمے(کمپنی کے دیوالیہ پن)، نظام انصاف کے متعلقہ امور اور کئے جانے والے فیصلوں کا انصاف کے تقاضوں کے تحت جائزہ لینے، ٹرسٹوں کے متعلق، معطّلی اور حکمِ امتناعی کےمتعلق دی گئی درخواستیں نپٹاتا ہے۔

**جنرل ڈیپارٹمنٹ ۔** عدالتی سمن سے شروع ہونے والی عمومی کاروائیوں کے ساتھ نپٹتا ہے جب کوئی فرد کسی دوسرے فرد کے خلاف بعض معاملات کے سلسلے میں عدالتی کاروائی(مقدمہ) کرتا ہےجن میں لئے گئے قرض کی ادائیگی، نقصانات کے ازالے یا طلاق کے لیے کی جانے والی کاروائی شامل ہے۔

**ایکسٹرکٹس ڈیپارٹمنٹ ۔** عدالت کی طرف سے جاری ہونے والے احکامات کی تصدیق شدہ کاپیاں جاری کرتا ہے جس سے عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد کرانا ممکن ہوتا ہے۔

**آفس آف دی کیپر آف دی رولز ۔** کورٹ آف سیشن کے کام کرنے کا پروگرام طے کرتا ہے اور عدالت کے کام کرنے کا روزانہ اور ہفتہ وار ٹائم ٹیبل تیار کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ www.scotcourts.gov.uk/session/index.asp ملاحظہ کرین

## ہائی کورٹ آف جسڈشری

ہائی کورٹ، جس کا قانونی دائرہ اختیار پورے سکاٹ لینڈ پر محیط ہے، کل وقتی طور پر ایڈنبرہ، گلاسگو اور ایبرڈین میں کام کرتی ہے۔ یہ عارضی طور پر دوسرے شہروں اور قصبوں میں شیرف کورٹ کی عمارتوں میں بھی بیٹھتی(کام کرتی) ہے اور بہت ہی سنگین نوعیت کے مجرمانہ کیسوں جیسے کہ قتل، ارادہ قتل، زنابالجبر (عصمت دری)، اسلحے کے زور پر ڈاکہ زنی اور منشیّات کی خرید و فروخت جیسے کیسوں کی سماعت کرتی ہے۔ ان کیسوں کی سماعت ایک جج اور عوام میں سے بغیر کسی ترتیب چنے گئے 15 افرادپر مشتمل جیوری کے سامنے ہوتی ہے۔ قصوروار پائے(ٹھہرائے) جانے کی صورت میں عدالت لا محدود جرمانہ یا عمر قید تک کی سزا سنا سکتی ہے۔ ایڈنبرہ کی ہائی کورٹ مجرمانہ(فوجداری) کیسوں کے لیے "کورٹ آف اپیل(جس کورٹ کے پاس سزا کے خلاف اپیل کی جا سکے)" بھی ہے۔ 'ایس سی ایس' ہائی کورٹ کے کام کو عام طور پر 'جسڈشری آفس' کے ذریعے سپورٹ کرتی ہے جو 'کلرک آف کورٹ' فراہم کرنے، عدالت کے کاروبار کو طے کرنے، جیوررز، (جیوری کے لیے عوام سے لیے گئے افراد) کا انتظام کرنے اور عدالتی ریکارڈز رکھنے کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔

مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ www.scotcourts.gov.uk/justiciary/just_office.asp ملاحظہ کرین۔

## شیرف کورٹس

سکاٹ لینڈ میں زیادہ تر سول(دیوانی) اور مجرمانہ(فوجداری) مقدمات شیرف کورٹس کی طرف سے نپٹائے جاتے ہیں جہاں 'ایس سی ایس' کا زیادہ تر عملہ کام کرتا ہے۔ سکاٹ لینڈ میں واقع 49 شیرف کورٹس کو جغرافیائی طور پر 6 شیرف ڈومز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر شیرف ڈوم میں ایک شیرف پرنسپل ہوتا ہےجو، سول(دیوانی) معاملات میں اپیلوں کی سماعت کرنے کے علاوہ، شیرف ڈوم میں عدالتی کاروبار کو چلانے کا بھی ذمے دار ہوتا ہے۔ عدالت کے کام کو تین بڑے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ سول، کریمینل اور کمشری ۔ اوریہ کام مقامی شیرف کلرکس اور ان کے عملے کی طرف سے سر انجام دیا جاتا ہے۔

### سول

کاروبارکے اس حصے میں زیادہ تر لوگوں کے درمیان یا آرگنائزیشنوں(کاروباری اداروں)کے درمیان پائے جانے والے جھگڑے نپٹائے جاتے ہیں اور ان تین بڑے درجوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

**عمومی مقدمات ۔** جس میں طلاق، بچوں، جائیداد کے بارے میں جھگڑےاور قرض کی ادائیگی کےبارےمیں پائے جانے والے جھگڑےشامل ہیں ۔

سمری کازز ۔ جس میں کرایے، اشیاء کی ڈیلیوری اور قرض کے معاملات شامل ہیں۔

سمال کلیمز ۔ چھوٹے موٹے جھگڑوں کے بارے میں ایک عام سی کاروائی ہے جو اکثر وکیلوں کے بغیر ہی نپٹائی جاتی ہے۔

اس کے علاوہ سول مقدمات میں بچوں کو متبنیٰ بنانے کے بارے میں دی جانے والی درخواستیں، کمپنیوں کے دیوالیہ پن اور انفرادی دیوالیہ پن کے بارے میں دی جانے والی درخواستیں شامل ہیں ۔

## کمشری

کاروبار کا یہ حصہ زیادہ تر لوگوں کو وہ اختیار جاری کرنے کے متعلق ہے جب انہیں وصیت پر عمل درآمد کرانے کے مجاز شخص کی حیثیت سے وفات پا جانے والے شخص کی وراثت کو تقسیم کرنے کے اختیارات دیئے جاتے ہیں۔

## کریمینل

ان کیسوں کو عام طور پر دو درجوں میں تقسیم کیاجاتا ہے جس کاانحصار جرم کے سنگین ہونے کی نوعیت پر ہوتا ہے:

**سولمن(با ضابطه)** ۔ اس درجے میں سنگین نوعیت کے کیس(مقدمات) شامل ہوتے ہیں جن میں مقدمے کی سماعت شیرف اور جیوری کے سامنے ہوتی ہے اور قصور وار پائے جانے کی صورت میں پانچ سال تک قید یا زیرِ حراست رکھنے اور لا محدود جرمانے کی سزا ہو سکتی ہے۔

**سمری** ۔ سمری چارجز کے متعلقہ مقدمات جیوری کے بغیر صرف شیرف کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔ بشرطیکہ قانون میں کوئی اور شرط عائد نہ کی گئی ہو، ان مقدمات میں جرمانے کی حد £10,000 تک اور قید یا زیرِ حراست رکھنے کی حد 12 مہینوں تک ہو سکتی ہے۔

## جان لیوا حادثے کے بارے میں ہونے والی انکوائریاں

جان لیوا حادثے کے بارے میں ہونے والی انکوائری(ایف اے ای) کام کے اوقات کے دوران کام کرنے کی جگہ پر یا کسی حادثے میں واقع ہوجانے والی موت کے نتیجے میں پروکیوریٹر فسکل کی ہدایت پر کی جاتی ہے جہاں یہ خیال کیا جاتا ہو کہ انکوائری عوام کے مفاد کے لیے ضروری ہے ۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹwww.scotcourts.gov.uk/sheriff/index/asp ملاحظہ کریں۔

## جسٹس آف پیس کورٹس

یہ کریمینل کورٹ ایک جسٹس آف پیس (جے پی) کی سربراہی میں چلائی جاتیں ہیں جو خود قانونی طور پرتعلیم یافتہ(تربیت یافتہ) نہیں ہوتا لیکن اسے قانونی طور پر تعلیم یافتہ(تربیت یافتہ) عدالت کے کلرک کی طرف سے سپورٹ کیا جاتا اور مشورہ دیا جاتا ہے۔ جسٹس آف پیس کورٹس میں جج اکیلا بیٹھ سکتا ہے یا دو یا تین جج مل کر بیٹھ سکتے ہیں۔ پورے سکاٹ لینڈ میں 50 جسٹس آف پیس کورٹس موجود ہیں ۔ بشرطیکہ قانون میں کوئی اور شرط عائد نہ کر دی جائے، جسٹس آف پیس کورٹ کے اختیارات زیادہ سے زیادہ£2500 تک جرمانہ یا 60 دن کی قید کی سزا دینے تک محدود ہیں ۔ گلاسگو میں جسٹس آف پیس کورٹ میں تنخواہ دار مجسٹریٹ بھی موجود ہوتے ہیں جو قانونی طور پر تعلیم یافتہ(تربیت یافتہ)ہوتے ہیں اور سزا دینے کے سلسلے میں انہیں وہی اختیارات حاصل ہوتے ہیں جو سمری کریمینل مقدمات میں شیرف کو حاصل ہوتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹwww.scotcourts.gov.uk/jp/index/asp ملاحظہ کریں ۔

**ایس سی ایس ہیڈ کوارٹرز**ایس سی ایس کا ہیڈ کوارٹرز ایڈنبرہ میں موجود ہے اورکارپوریٹ، سٹریٹیجک اور سپورٹ سروسز فراہم کرتا ہیں۔ ان سروسز میں'ایس سی ایس'بورڈ کو مالی، پروکیورمنٹ، پالیسی اورحکمتِ عملی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ہیومن ریسورسز(افرادی قوت)اسٹیٹ اور پراپرٹی، کمیونیکیشن اور سیکریٹریٹ سپورٹ فراہم کرنا شامل ہے۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹwww.scotcourts.gov.uk/courtsadmin/scs.asp ملاحظہ کریں ۔

## جوڈیشل آفس

جوڈیشل آفس برائے سکاٹ لینڈ سکاٹش محکمہ انصاف کے سربراہ کی حیثیت میں ہوتے ہوئے لارڈ پریذیڈنٹ کو سپورٹ فراہم کرنے کے لیے معرضِ وجود میں لایا گیا تھا اور یہ لارڈ پریذیڈنٹ کے پرائیویٹ آفس، جوڈیشل سٹڈیزکمیٹی اور جوڈیشل کمیونیکیشن کے عملے کے تعاون سے کام کرتا ہے ۔ اس دفتر کے فرائض میں لارڈ پریذیڈنٹ کوقانونی اور انتظامی مشورہ اور سپورٹ فراہم کرنے سے لے کر میڈیا اور کمیونیکیشن کے بارے میں مشورہ فراہم کرنا اور جوڈیشل آفس میں کام کرنے والے تمام لوگوں کو سپورٹ کرنا شامل ہے۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹwww.scotland-judiciary.org.uk/23/0/judicial-Office-for-scotland

## عدالت کے دفتر کا اکاؤنٹنٹ

یہ دفتر جو که فالکرک میں واقع ہے، ایسے افراد کی نگرانی کرتا ہے جنہیں عدالت کی طرف سے 16 سال سے کم عمر بچوں کی جائیداد(وراثت میں ملنے والی)کی دیکھ بھال کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہو اور دیگر ایسی جائیداد کی دیکھ بھال کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہو جہاں اس جائیداد کے حق دار فریقین کے درمیان جھگڑا پایا جاتا ہو۔ اکاؤنٹنٹ اس رقم کی بھی دیکھ بھال کرتا ہے جسےعدالت کی طرف سے روک کر رکھا جاتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹwww.scotcourts.gov.uk/session.accountant.asp  ملاحظه کرین ۔

## آفس آف دی پبلک گارڈین

عدالت کے اکاؤنٹنٹ کو پبلک گارڈین بھی کہا جاتا ہے۔ سکاٹ لینڈ میں آفس آف دی پبلک گارڈین کے فرائض میں یہ بات شامل ہے که ایسے لوگوں کی نگرانی کرےجنہیں ان بالغ افراد کے معاملات چلانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو جو خود اپنے معاملات چلانے کی صلاحیت میں کمی کا شکار ہوں۔ یہ آفس فالکرک میں واقع ہے اور پورے سکاٹ لینڈ کے لیے کام کرتا ہے۔

'دی آفس آف پبلک گارڈین(او پی جی) '' اڈلٹس وِد انکیپیسٹی(سکاٹ لینڈ ) ایکٹ(صلاحیت میں کمی کا شکار ہونے والے بالغ افرادکے بارے میں سکاٹ لینڈ کا قانون)کے تحت بہت سے کام سرانجام دیتا ہے اور ''پاور آف اٹارنی یعنی اپنے اختیارات کسی کو سونپنے، فنڈز تک رسائی حاصل کرنے، گارڈین شپ اور ثالثی کے بارے میں احکامات اور تفتیش کئے جانے کے بارے میں معلومات، رہنمائی اور مشوره فراہم کرتا ہے ۔

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹwww.publicguardian-scotland.gov.uk  ملاحظه کرین۔

## مزید معلومات


سکاٹش کورٹ سروس،
ساؤٹن ہاؤس،
بروم ہاؤس ڈرائیو،
ایڈنبرہ، ای ایچ11 3 ایکس ڈی

Scottish Court Service,
Saughton House,
Broomhouse Drive,
Edinburgh, EH11 3XD

ٹیلیفون نمبر: 0131 444 3300
فیکس نمبر: 0131 443 2610
enquiries@scotcourts.gov.uk
www.scotcourts.gov.uk